6جون،2012

اسٹیٹ بینک نے ایک اور 2 روپے کے سکوں میں سونے کی ملاوٹ کی افواہوں کو مسترد کردیا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایک اور 2 روپے کے المونیم/تانبے کے سکوں میں سونے کی ملاوٹ سے متعلق علاقائی اخبارات/ذرائع ابلاغ میں شائع ہونے والی خبروں/افواہوں کی سختی سے تردید کی ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ترجمان سید وسیم الدین نے ان تمام خبروں/افواہوں کو بے بنیاد، گمراہ کن اور حقائق کے منافی قرار دیا۔

آج ایک وضاحتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مندرجہ بالا سکوں کو تبدیل کرانے کی مالیت (ایکس چینج ویلیو) ان سکوں کی اصل مالیت (فیس ویلیو) کے برابر ہی رہے گی۔ انہوں نے عوام کو مشورہ دیا کہ وہ ایک اور 2 روپے کے سکوں کی ان کی اصل مالیت (فیس ویلیو) سے زائد قیمت پر خرید وفروخت نہ کریں۔

[☆☆☆]